58th Year

# سرینگر ٹائمز


بانی صوفی غلام محمد

جلد نمبر 58 | Tuesday 27th January 2026 | ۲۷ جنوری ۲۰۲۶ بروز منگلوار بمطابق ۷ شعبان ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 27 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net



### پڈیکل کرناٹک کے نئے کپتان مقرر

اہم معرکے سے قبل کرناٹک کرکٹ الیون میں بڑی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ ایک حیران کن فیصلے میں تجربہ کار مینک اگروال کی جگہ نوجوان اسٹار دیودت پڈیکل کو ٹیم کی قیادت سونپ دی ہے۔ وجے ہزارے ٹرافی میں ۹ اننگز میں ۹۰ سے زائد کی اوسط سے ۷۲۵ رنز بنانے والے دیودت پڈیکل کو ان کی حالیہ شاندار فارم کی بنیاد پر یہ ذمہ داری دی گئی ہے۔ (تفصیلات اندر)



### یوکی بھامبری کی جوڑی ہار کر باہر

برازیل کی جوڑی اورلینڈو لوز اور رافیل ماتوس نے آسٹریلین اوپن ۲۰۲۶ کے مینز ڈبلز تیسرے راؤنڈ میں ہندوستان کے یوکی بھامبری اور ان کے سویڈش ساتھی آندرے گورانسن کو شکست دے کر ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا۔ اس شکست کے ساتھ ہی سیزن کے پہلے گرینڈ سلیم میں ہندوستان کا سفر اختتام کو پہنچ گیا۔ (تفصیلات اندر)

## سانبہ میں بین الاقوامی سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام، ایک درانداز ہلاک

### سیکورٹی فورسز نے پورے جنگلات میں وسیع پیمانے پر تلاشی آپریشن تیز کردیا ہے

سرینگر/ ایس این این/ خطہ چناب کے کشتواڑ چتر جنگلات میں تازہ فائرنگ کے تبادلہ کے بعد سیکورٹی فورسز نے آپریشن وسیع کر دیا ہے۔ ادھر سانبہ میں بین الاقوامی سرحد پر بی ایس ایف نے دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ایک درانداز کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق کشتواڑ کے چتر بیلٹ میں اتوار کی دیر رات سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان تازہ فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ دفاعی حکام کے مطابق پہاڑی ضلع کے چتر و بیلٹ میں یہ تیسرے جھڑپ ہے، کیونکہ فوج اور پولیس علاقے میں شدید برف اری کے باوجود جیش محمد تنظیم سے منسلک تین پاکستانی دہشت گردوں کے ایک گروپ کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ تازہ فائرنگ کا تبادلہ اتوار کی رات دیر گئے اس وقت شروع ہوا جب فوج اور پولیس کی ایک مشترکہ تلاشی پارٹی جانسیر - کنڈیوار کے جنگلاتی علاقے/ 1




## سرینگر میں بھی برف گرنے کا امکان ہے مگر جمع ہونے کا نہیں

### مغربی ہواؤں کے ایک بار اور وادی میں داخل ہونے کا خدشہ

سرینگر/ ایک تازہ مغربی ہوا کی لہر کے داخل ہونے کے نتیجے میں جموں وکشمیر میں 26 جنوری کی شام سے بیشتر علاقوں میں ہلکی سے درمیانی درجے کی برف باری جبکہ پہاڑی علاقوں میں بھاری برف باری کا امکان ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق کشمیر ویدر کے مطابق گرچہ مغربی ہوا کی یہ لہر زیادہ طاقتور نہیں ہے تاہم بالائی علاقوں میں درمیانی سے بھاری برف باری کے لئے کافی حد تک فعال ہے۔ انہوں نے کہا کہ میدانی علاقوں میں بھی برفباری کے امکانات موجود ہیں جو پیر کی رات سے شروع ہوسکتی ہے تاہم میدانی علاقوں میں برف جمع ہونے کیا مکانات کم ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ درجہ حرارت 3 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ کے آس پاس رہا تو برف کا جماؤ محدود یا نہ ہونے کے برابر ہوگا۔ کشمیر ویدر کے مطابق اس وقت میدانی علاقوں میں برفباری کے امکانات 50 فیصد ہیں جبکہ معقول حد تک برف جمنے کے امکانات 30 سے 40 فیصد ہیں۔

## آپریشن سندور جاری ہے اور ہر دشمنانہ سرگرمی پر کڑی نظر/ LG

### جموں میں مرکزی سرکاری تقریب میں ترنگا لہرایا، پریڈ کا معائنہ کیا، مارچ پاسٹ پر سلامی لی

### اپنے خطاب میں کشمیر میراتھن کو نئی جہت دینے کیلئے جموں وکشمیر کے وزیر عمر عبداللہ کی تعریف کی



یوم جمہوریہ کے موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی ٹی پارٹی میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور فاروق عبداللہ کی شرکت

جموں/ ملک کا 77 واں یوم جمہوریہ ملک کے دیگر خطوں کے ساتھ جموں وکشمیر میں بھی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سرمائی دارالحکومت جموں کے تاریخی مولانا آزاد اسٹیڈیم میں منعقدہ مرکزی تقریب میں ترنگا لہرایا۔ مولانا آزاد اسٹیڈیم میں منعقدہ مرکزی تقریب میں جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، حکمران جماعت نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ سمیت متعدد ارکان اسمبلی، فوج، سی آر پی ایف، پولیس کے افسران اور سول اہلکار وں کیساتھ ساتھ بڑی تعداد میں عام شہریوں نے جوش وخروش کیساتھ شرکت کی۔ جے کے این ایس کے مطابق جموں کے تاریخی مولانا آزاد اسٹیڈیم میں منعقدہ مرکزی تقریب کے دوران ایک آرمی ہیلی کاپٹر نے اُوپر سے اڑان بھری اور تقریب کے آغاز پر پھول برسائے، جس سے بڑے مجمع کی خوشی دوبالا ہوگئی۔ ریاستی سطح کی تقریب میں شرکت کرنے سے پہلے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جنگی یادگار بلیدان ستمبھ پر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مولانا آزاد اسٹیڈیم جموں میں مرکزی سرکاری تقریب میں ترنگا لہرایا اور پریڈ کا معائنہ کرتے ہوئے مارچ پاسٹ کی سلامی لی۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے تقریب سے خطاب میں عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے آزادی کے لیے قربانیاں دینے والے مجاہدینِ آزادی اور شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے آئینِ ہند میں درج جمہوری اقدار کو ملک کی مضبوط بنیاد قرار دیا اور ان کی پاسداری کے عزم کا اعادہ کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے فوج، نیم فوجی دستوں اور جموں وکشمیر پولیس کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ملک کی یکجہتی، سالمیت اور سلامتی کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد شروع کی گئی آپریشن سندور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ بھارت کی قومی سلامتی پالیسی میں ایک فیصلہ کن موڑ ثابت ہوا، جس کے ذریعے یہ واضح پیغام دیا گیا کہ دہشت گردی کے کسی بھی عمل کو جنگی اقدام سمجھا جائے گا۔ منوج سنہا نے کہا کہ آپریشن سندور کے ذریعے دہشت گردی کے ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا اور بھارت کے دفاعِ خودمختاری کے عزم کو عالمی سطح پر اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن جاری ہے اور ہر دشمنانہ سرگرمی پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے جب کہ غیر عسکری اقدامات کے تحت/ 2

## سماوار، علامتی نقش ونگار سے بھرپور خوبصورت کانی شالیں

### نئی دہلی میں یوم جمہوریہ کی پریڈ کے دوران جموں وکشمیر کی خاص جھلک



سرینگر/ یواین ایس/ 77 ویں یومِ جمہوریہ کی پریڈ کے موقع پر نئی دہلی کے کرتویہ پاتھ پر جموں وکشمیر کی تہذیب، ثقافت اور روایتی دستکاریوں کا شاندار مظاہرہ دیکھنے کو ملا، جہاں یونین ٹیریٹری کی ثقافتی جھلک نے حاضرین کو مسحور کر دیا۔ روایتی فنون کی عظمت کو اجاگر کرتے ہوئے جموں وکشمیر کے جھانکی (ٹیبلو) میں نفیس دھات کاری سے مزین چمکتا ہوا سماوار، علامتی نقش و نگار سے بھرپور خوبصورت کانی شالیں، جیومیٹریائی ہم آہنگی کے ساتھ گرگھوں سے ابھرتے ہاتھ سے بنے قالین، اور اخروٹ کی لکڑی سے تراشے گئے دیدہ زیب نوادرات پیش کیے گئے۔ پیپر ماشے کی تخلیقات شوخ اور دلکش رنگوں میں جگمگا رہی تھیں، جبکہ پہاڑی طرز کی منی ایچر پینٹنگز، بالخصوص باسوہلی اسلوب، صدیوں پر محیط عقیدت سے تشکیل پانے والی نفیس جمالیات کی عکاسی کر رہی تھیں۔ یہ تمام دستکاریاں ان ہنرمند کاریگروں کو خراجِ تحسین پیش کرتی نظر آئیں جن کی مہارت اور صبر نے ان زندہ روایات کو برقرار رکھا ہوا ہے۔ جھانکی میں زعفران کے پھولوں کو بھی نمایاں کیا گیا، جن کے بنفشی رنگ اور سرخ دھاگے زمین، محنت اور ورثے سے جڑی ایک/ 3

## ٹرین کی چھت پر تصویر لیتے ہوئے زخمی نوجوان چل بسا

### ریل گاڑی کی چھت کے اوپر بجلی تار کے ساتھ جسم چھونے کا انجام

سرینگر/ یواین ایس/ بڈگام ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کی چھت پر تصویریں لیتے ہوئے کرنٹ لگنے سے شدید طور پر زخمی ہونے والا 16 سالہ لڑکا پیر کے روز یہاں ایس ایم ایچ ایس اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ مہلوک کی شناخت ریان احمد کے طور پر کی گئی ہے، جو شمیم احمد ڈار کا بیٹا اور سرینگر کے مہاراج پورہ بٹہ مالو علاقے کا رہائشی تھا۔ اسپتال ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد نوعمر لڑکے کو نہایت نازک حالت میں اسپتال میں داخل کیا گیا تھا، تاہم ڈاکٹروں کی بھرپور کوششوں کے باوجود اسے بچایا نہ جا سکا۔ یہ افسوسناک واقعہ حال ہی میں اس وقت پیش آیا جب ریان احمد اور ایک اور نوجوان ارباز احمد مبینہ طور/ 4

## بادام واری میں بادام کے درختوں پر شگوفے پھوٹ پڑنے کی خبریں

### ماہرین زراعت اور باغبانی کے مطابق یہ خوشخبری نہیں ہے

سرینگر/ ایس این این/ چلہ کلان میں خشک موسمی صورتحال کے باعث جہاں زراعی شعبہ متاثر ہوگیا ہے وہیں امسال پہلے ہی بادام کے شگوفے پھوٹ پڑے ہیں جس پر ماہرین میں تشویش کی لہر دوڑ رہی ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک (ایس این این) کے مطابق چلہ کلان میں امسال خشکی کا زور جاری ہے اور فی الحال برفباری اور بارشیں نہ ہونے کے باعث اہلیان وادی پریشان حال ہے کیونکہ اس سے ہر شعبہ پر منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ خشک موسمی صورتحال کے باعث بادام کے شگوفے ماہ جنوری میں ہی پھوٹ پڑے ہیں اور مارچ کے مہینے میں جو بادام کے درختوں پر شگوفے ہوتے تھے وہ ان دنوں بادام کے درختوں پر نظر آتے ہیں اور سرینگر کی معروف بادام واری میں بادام کے درختوں پر شگوفے پھوٹ پڑنے سے ماہرین میں ابھی اب تشویش کی لہر دوڑ رہی ہے۔ بادام واری جو اپنے دلکش بادام کے باغات کیلئے مشہور ہے،/ 5


## وزیر اعظم جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کا وعدہ پورا کریں گے/ نائب وزیر اعلیٰ

### لال چوک میں بلیدان استمبھ پر خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد نامہ نگاروں کے ساتھ گفتگو

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے پیر کے روز امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ کی طرف سے کی گئی یقین دہانی کے مطابق جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ جلد بحال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس عزم کا اظہار نہ صرف جموں وکشمیر کے عوام بلکہ پورے ملک اور عدالت عظمیٰ کے سامنے بھی کیا گیا ہے اور یقین ہے کہ وہ وعدہ بہت جلد وفا ہوگا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار یوم جمہوریہ کے موقع پر لالچوک میں واقع بلیدان استمبھ پر خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد نامہ نگاروں کے ساتھ گفتگو کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے لوگ طویل عرصے سے ریاستی حیثیت کی بحالی کے منتظر ہیں جو کبھی انہیں حاصل تھی۔ ان کا کہنا تھا: 'ہمیں امید ہے کہ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کے اپنے وعدے کو ضرور پورا کریں گے، مجھے امید ہے کہ وہ دن جلد آئے گا اور اس سے یہاں کے لوگوں کو خوشی نصیب ہوگی'۔ مسٹر چودھری نے کہا کہ ریاستی حیثیت کی بحالی کا مطلب ایک کھوئے ہوئے وقار اور مقام کو دوبارہ حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے اس امر کو بھی دہرایا کہ جموں وکشمیر کے لوگوں نے ہمیشہ ملک، مسلح افواج اور سیکورٹی ایجنسیوں کی بھرپور حمایت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا: 'جموں وکشمیر کی تاریخ گواہ ہے کہ یہاں کے عوام نے جنگوں کے دوران یا شورش کے مشکل ادوار میں، ہمیشہ فوج اور سیکورٹی/ 6



## ہماری قوم 2047ء تک وکست بھارت کے ہدف کی طرف بڑھ رہی ہے/ جنرل دویدی



سرینگر/ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی نے 77 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر ہم وطنوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ موقع لوگوں کو ان لازوال ہیروز سے اظہار تشکر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جنہوں نے فرض شناسی پر بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں جنرل دویدی نے کہا ''ملک کے 77 ویں یوم جمہوریہ کے پرمسرت موقع پر، میں تمام ہم وطنوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ شاندار دن ہمیں ان لافانی/ 7

## دارالحکومت نئی دہلی میں 77 ویں یوم جمہوریہ کی تقریبات کے منفرد مناظر

### کرتویہ پتھ پر ہندوستان کی بے مثال فوجی طاقت اور شاندار ثقافتی وراثت کی جھلک

نئی دہلی/ یواین آئی/ قومی دارالحکومت نئی دہلی میں 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر پیر کے روز تاریخی کرتویہ پتھ پر ہندوستان کی شاندار ثقافتی وراثت، بے پناہ فوجی طاقت اور مسلح افواج کے بہادر جوانوں کی منظم قدم تال کا ایک عظیم اور منفرد منظر دیکھنے کو ملا۔ اس سال کی پریڈ کا موضوع 'سواتنتر کے منتر - وندے ماترم' اور 'سمردی کے منتر - آتم نربھر بھارت' ہے۔ تقریب کا آغاز وزیر اعظم نریندر مودی کی آمد سے ہوا۔ سب سے پہلے انہوں نے قومی جنگی یادگار پر پہنچ کر ملک کے لیے عظیم قربانی دینے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعظم نے دو منٹ خاموشی اختیار کی، جس کے بعد وہ کرتویہ پتھ پہنچے، جہاں انہوں نے نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور بطورِ مہمانِ خصوصی تقریب میں شریک غیر ملکی معززین - یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا اور یورپی کمیشن کی صدر اُرسلا وان ڈیر لیین کا استقبال کیا۔ یوم جمہوریہ کے موقع پر پہلی مرتبہ یورپی یونین کے دو اعلیٰ رہنماؤں کو مہمانِ خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا۔ اس سال کی تقریبات 'وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے' کے موضوع سے منسوب رہیں۔ یومِ جمہوریہ کی پریڈ، ثقافتی پروگرام، جھانکیاں اور دیگر تقاریب اسی موضوع پر مرکوز تھیں۔ اس طرح ہندوستان کا قومی گیت آزادی، ثقافتی اظہار اور موجودہ سیاسی امنگوں کو جوڑتے ہوئے اس/ 9



## یومِ جمہوریہ کے موقع پر وزیر اعظم مودی کے لباس میں روایت اور جدّت کا حسین امتزاج

### سال 2025ء میں وزیر اعظم نے سفید کُرتا پاجامہ کے ساتھ بھورے رنگ کے بند گلے کا جیکٹ اور پگڑی پہنی تھی

نئی دہلی/ یواین آئی/ 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر پیر کے روز وزیر اعظم نریندر مودی کے لباس میں روایت کے ساتھ ساتھ جدّت کی جھلک بھی نمایاں طور پر نظر آئی۔ یومِ جمہوریہ کے موقع پر پورے ملک کی نظریں جہاں پریڈ پر مرکوز رہتی ہیں، وہیں وزیر اعظم کے لباس پر بھی خاص توجہ دی جاتی ہے۔ وزیر اعظم ہر سال مختلف طرز کے ملبوسات میں اس تقریب میں شریک ہوتے ہیں اور اپنے منفرد انداز کے ذریعے ملک کی متنوع ثقافتی روایات کی یاد دلاتے ہیں، ساتھ ہی اپنے لباس کے ذریعے عوام کو ایک مؤثر پیغام بھی دیتے ہیں۔ جہاں دنیا بھر کے رہنما ایسے مواقع پر سوٹ اور ٹائی میں نظر آتے ہیں، وہیں مودی جی پگڑی اور روایتی لباس کو ترجیح دیتے ہیں۔ ہر سال یومِ جمہوریہ پر وزیر اعظم کے لباس میں ثقافتی تنوع، روایت اور سیاسی پیغام کا انوکھا امتزاج نظر آتا ہے۔ اس بار مودی جی نے نیوی بلیو کُرتے کے ساتھ ہلکے اسکائی بلیو رنگ کی بغیر آستین والی نہرو جیکٹ زیبِ تن کی۔ سال 2025 میں وزیر اعظم نے سفید کُرتا پاجامہ کے ساتھ بھورے رنگ کے بند گلے کا جیکٹ اور پگڑی پہنی تھی، جس میں خاص طور پر زعفرانی رنگ نمایاں تھا۔ یہ رنگ بھگوان شری رام کا پسندیدہ رنگ مانا جاتا ہے اور قربانی، ایثار اور بہادری کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ سال 2024 کے یومِ جمہوریہ پر مودی جی زعفرانی رنگ کی پگڑی میں نظر آئے تھے، جب کہ/ 8



